سوال

(715) نماز کے بعد امام اور مقتدیوں کا ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا درست عمل ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کسی بھی (باجماعت) نماز کے بعد امام اور سب مقتدی ہاتھ اٹھا کر دعا کرتے ہیں، تو کیا یہ عمل کسی بھی حدیث سے ثابت ہے؟ کیونکہ اکثر بلکہ بے شمار اہلِ حدیث حضرات نمازِ جمعہ کے بعد اجتماعی دعا کرتے ہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

فرض نماز کے بعد بلا عارضہ (بلا سبب و بلا مطالبہ) اجتماعی دعا کا صحیح احادیث سے ثبوت نہیں ملتا۔ جمعہ غیر جمعہ سب کا حکم یکساں ہے۔ تفریق کی کوئی وجہ نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :605

محدث فتویٰ